نیشنل فوڈز لمیٹڈ

6-CL /12، کلیر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی- 75530
(ٹیلیفون 021-38402022 - 021-36490029)

اطلاع برائے 52 واں سالانہ اجلاسِ عام

[illegible]

کامرس پلس

اسٹاک مارکیٹ 100 انڈیکس میں 116 پوائنٹس کی کمی

ٹریڈنگ اتار چڑھاؤ کا شکار رہی، سرمائے میں 8 ارب روپے سے زائد کا اضافہ، حجم 69 کھرب روپے کے قریب جا پہنچا

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں منگل کے روز بھی کاروباری سرگرمیاں اتار چڑھاؤ کا شکار رہیں اگرچہ کے ایس ای 100 انڈیکس 100 سے زائد پوائنٹس گھٹ گیا جس کی وجہ سے انڈیکس 46300 پوائنٹس سے کم ہو کر 46200 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تاہم مارکیٹ کے سرمائے میں 8 ارب روپے سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور سرمائے کا مجموعی حجم 69 کھرب روپے کے قریب جا پہنچا جبکہ 43.29 فیصد حصص کی قیمتیں بھی بڑھ گئیں۔ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں منگل کے روز کاروبار کا آغاز مثبت ہوا اور ٹریڈنگ کے دوران انڈیکس 46500 پوائنٹس کی سطح بھی عبور کر گیا مگر مارکیٹ مذکورہ سطح پر برقرار نہ رہ سکی اور 100 انڈیکس 116.02 پوائنٹس لوز کر گیا جس کی وجہ سے 100 انڈیکس 46393.68 پوائنٹس سے گھٹ کر 46277.66 پوائنٹس پر بند ہوا جبکہ 66.91 پوائنٹس کی کمی سے کے ایس ای 30 انڈیکس 16218.62 پوائنٹس سے کم ہو کر 19151.71 پوائنٹس پر آ گیا تاہم کے ایس ای آل شیئرز انڈیکس 31082.81 پوائنٹس سے بڑھ کر 31124.50 پوائنٹس ہو گیا۔ گذشتہ روز مارکیٹ کے سرمائے میں 8 ارب 2 کروڑ 15 لاکھ 34 ہزار 88 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کے نتیجے میں سرمائے کا مجموعی حجم 68 کھرب 91 ارب 9 کروڑ 56 لاکھ 11 ہزار 619 روپے سے بڑھ کر 68 کھرب 99 ارب 11 کروڑ 71 لاکھ 45 ہزار 707 روپے ہو گیا۔ منگل کو سٹاک مارکیٹ میں 6 ارب روپے مالیت کے 25 کروڑ 90 لاکھ 46 ہزار حصص کے سودے ہوئے جبکہ پیر کو 5 ارب روپے مالیت کے 19 کروڑ 56 لاکھ 74 ہزار حصص کے سودے ہوئے تھے۔ گذشتہ روز مجموعی طور پر 328 کمپنیوں کا کاروبار ہوا۔

State Bank of Pakistan

گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر جمیل احمد، ڈپٹی گورنر ڈاکٹر عنایت حسین، ڈاکٹر حبیب فیروزہ، میاں لاشار علی مختار، منیر کمال، طوران آصف کا کے ٹی بینک کے ڈیجیٹل بینکنگ کی اصولی منظوری ملنے کے موقع پر منعقدہ تقریب میں گروپ فوٹو

کے ٹی بینک نے ڈیجیٹل بینکنگ خدمات متعارف کرادی

معاشی استعداد کے مطابق مالیاتی خدمات کی گنجائش موجود ہے، علی مختار

لاہور (کامرس ڈیسک) کے ٹی بینک (KT Bank) نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مقامی صارفین کو اپنی ڈیجیٹل بینکنگ خدمات متعارف کرانے کے لئے اصولی منظوری حاصل کر لی جس کا گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد نے ایک تقریب میں باقاعدہ طور پر اعلان کیا اس موقع پر ڈپٹی گورنر سٹیٹ بینک ڈاکٹر عنایت حسین اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر اختر جاوید بھی موجود تھے۔ کے ٹی بینک اپنی بینکنگ خدمات کی وسیع رینج فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل چینلز کو بروئے کار لائے گا جن میں ڈیجیٹل والیٹس، آن لائن اکاؤنٹ مینجمنٹ اور خصوصی نوعیت کے مالیاتی حل شامل ہیں۔ فاطمہ گروپ کے ڈائریکٹر اور کے ٹی بینک کے سپانسر علی مختار نے کہا کہ پاکستان کی معاشی استعداد کے مطابق ملک میں مالیاتی خدمات کی گنجائش موجود ہے کے ٹی بینک ایک ایسے سفر کا آغاز کر رہا ہے جو پاکستان کے مالیاتی منظر نامے میں بڑی تبدیلی لانے کے لئے پرعزم ہے۔ یہ بینک اپنے پارٹنرز کے ساتھ مل کر پاکستانی شہریوں اور اپنے لاکھوں صارفین کے لئے کئی فائدہ مند سروسز متعارف کروائے گا۔ خاص کر زراعت کے شعبہ میں فاطمہ فرٹیلائزر کے کردار اور تعلیم کے شعبہ میں سٹی سکول گروپ کی گرفت کے ذریعے کے ٹی بینک ایسے مخصوص مالیاتی حل متعارف کروائے گا جس سے کسانوں کو جدید ٹیکنالوجی تک باآسانی رسائی ممکن ہو سکے گی۔ یہ ڈیجیٹل بینک تعلیمی مالیاتی حل فراہم کرنے میں بھی کردار ادا کرے گا۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (کامرس ڈیسک) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 79 ہزار 100 کیوسک اور اخراج 1 لاکھ کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 20 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 20 ہزار 300 کیوسک، خیرآباد پل آمد 1 لاکھ 1 ہزار 300 کیوسک، اخراج 1 لاکھ 1 ہزار 300 کیوسک جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 9 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 38 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 27 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 4 ہزار کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 1 لاکھ 20 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 1 لاکھ 12 ہزار 200 کیوسک، چشمہ 1 لاکھ 23 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 1 لاکھ 20 ہزار کیوسک، تونسہ آمد 1 لاکھ 31 ہزار کیوسک اور اخراج 1 لاکھ 10 ہزار 600 کیوسک، گدو آمد 1 لاکھ 33 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 1 لاکھ 4 ہزار 600 کیوسک، سکھر آمد 99 ہزار 100 کیوسک اور اخراج 46 ہزار 800 کیوسک، کوٹری آمد 39 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 2 ہزار 400 کیوسک، تریموں آمد 25 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 13 ہزار 100 کیوسک، پنجند آمد 40 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 23 ہزار 500 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔

Tree Plantation Drive

اسلام آباد: خوشحالی بینک کے صدر و سی ای او امیر کراچی والا کارپوریٹ آفس میں شجرکاری مہم کا آغاز کر رہے ہیں

آپؐ سے محبت ایمان کا بنیادی جزو ہے: رمیض دیوان

لاہور (کامرس رپورٹر) ای سی ممبر دروغہ والا انڈسٹریل اونرز ایسوسی ایشن رمیض دیوان نے جشن عید میلادؐ پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ حضور سرور کونینؐ سے محبت ایمان کا بنیادی اور لازمی جزو ہے۔ سید دو جہاںؐ سے غیر مشروط اطاعت اور محبت کے جذبے کے بغیر تکمیل ایمان کا دعوی نامکمل ہے۔ جشن عید میلاد النبیؐ آقائے دو جہاںؐ کی آمد پر خوشیوں اور مسرتوں کا اظہار ہے۔

صرف 20 فیصد افراد ہی ٹیکس گوشوارے جمع کرا سکے، ذیشان مرچنٹ

2 دن میں لاکھوں افراد گوشوارے کیسے جمع کرائیں گے، سابق صدر کراچی ٹیکس بار

کراچی (سید شعیب شاہ رم) اب تک صرف 20 فیصد افراد ہی ٹیکس گوشوارے جمع کرا سکے ہیں، ٹیکس ریٹرن فائل کرنے میں صرف 2 کاروباری دن رہ گئے، 48 گھنٹوں میں لاکھوں ٹیکس پیئرز کس طرح گوشوارے جمع کرا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار کراچی ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر ذیشان مرچنٹ نے نوائے وقت سے خصوصی گفتگو میں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر نے اس وقت نیا سسٹم متعارف کرایا جس وقت گوشوارے جمع کرانے کا موقع تھا۔ ایسے میں سسٹم کی خامیاں اور دیگر تکنیکی مسائل کے باعث بیشتر ٹیکس گزار گوشوارے جمع کرانے سے قاصر ہیں۔ ایف بی آر پہلے نئے سسٹم کو رضاکارانہ طور پر پرانے سسٹم کے مساوی شروع کرتا تاکہ لوگوں کو گوشوارے جمع کرانے میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ ذیشان مرچنٹ نے کہا کہ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ آئرس 2.0 میں اعداد و شمار درج کریں تو وہ بھی سسٹم سے غائب ہو جاتے ہیں کبھی سسٹم میں دستاویزات جمع کرانے کا مسئلہ کھڑا ہو جاتا ہے۔ سابق صدر ٹیکس بار کا کہنا تھا کہ اگرچہ نیا سسٹم سابقہ سسٹم سے بہتر اور تیز ہے لیکن اس سسٹم کو بہت نامناسب وقت پر نافذ کیا گیا۔ نئے سسٹم کو پہلے کچھ عرصے جانچ پڑتال کے بعد لاگو کرنا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے 9 ہزار 200 ارب روپے سے زائد کا ٹیکس ہدف رکھا ہوا ہے جو اس صورتحال میں حاصل کرنا دشوار نظر آ رہا ہے۔

کراچی چیمبر کا درآمد شدہ ری سائیکل پلاسٹک پر مکمل پابندی کا مطالبہ

پڑوسی ملک سے اسمگل شدہ پلاسٹک، مس ڈیکلریشن نے قومی کو نقصان پہنچایا، صدر طارق یوسف

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد طارق یوسف نے حکومت کو ری سائیکل پلاسٹک کی درآمد کو منفی فہرست میں ڈالنے یا اس پر مکمل پابندی عائد کرنے کی تجویز پیش کی ہے چونکہ پڑوسی ملک سے اسمگل شدہ پلاسٹک کی بڑی مقدار اور قیمت کے لحاظ سے مس ڈیکلریشن نے کسٹمز ڈیوٹی، سیلز ٹیکس، ودہولڈنگ ٹیکس اور دیگر محصولات کی مد میں صرف 3 ماہ میں 10 سے 12 ارب روپے کا خطیر نقصان پہنچایا ہے جس سے خدشہ ہے کہ یہ نقصان 40 ارب روپے سالانہ تک جائے گا۔ صدر کے سی سی آئی کی جانب سے وفاقی وزیر برائے تجارت صنعت و پیداوار ڈاکٹر گوہر اعجاز کو بھیجے گئے خط میں گزشتہ 4 سے 6 ماہ کے دوران پلاسٹک (پولی ایتھیلین) کی تمام حالیہ درآمدات کا فرانزک آڈٹ کرانے کی تجویز بھی دی گئی ہے اور درخواست کی گئی ہے کہ درآمد کنندگان سے کہا جائے کہ وہ واضح کریں کہ پڑوسی ملک سے درآمد کے لیے غیر ملکی سپلائرز کو ادائیگی کیسے اور کس چینل کے ذریعے کی گئی ہے۔ اس اقدام کے نتیجے میں ترسیلات پر بہت مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

او جی ڈی سی ایل کے منیجنگ ڈائریکٹر احمد حیات اور آئی بی اے کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر اکبر زیدی مشترکہ معاہدے کے دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں، کامران بلگرامی، فرقان تیمور، شہزاد صفدر، طلعت حیدر بھی موجود ہیں

اعظم کلاتھ مارکیٹ میں محفل میلاد، کیک کاٹا گیا

لاہور (کامرس رپورٹر) اعظم کلاتھ مارکیٹ تاجروں کی جانب سے عید میلاد النبیؐ کی مناسبت سے کیک کاٹنے اور محفل میلاد کا انعقاد۔ صدر اعظم کلاتھ مارکیٹ ملک زبان نصیب کی بطور مہمان خصوصی شرکت۔ شہر کے نامور نعت خوانان مصطفیٰ نے ہدیہ نعت پیش کیا۔ جنرل سیکرٹری اعظم کلاتھ مارکیٹ لاہور و کراچی بلاک خواجہ اعجاز کی جانب سے 72 پاؤنڈ کا کیک کاٹا گیا۔ صدر اعظم کلاتھ مارکیٹ ملک زبان نصیب نے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ عید میلاد النبیؐ کا کیک کاٹا۔

انگلش بسکٹ مینوفیکچررز کے تحت ینگ لیڈرز کانفرنس کا انعقاد

اسکول آف لیڈرشپ کے تعاون سے 22 ویں ایڈیشن میں مستقبل کے لیڈرز کو یکجا کیا

کراچی (کامرس رپورٹر) انگلش بسکٹ مینوفیکچررز (ای بی ایم) نے ینگ لیڈرز کانفرنس کے ذریعے 22 ویں ایڈیشن میں مستقبل کے لیڈرز کو یکجا کیا۔ یہ کانفرنس پاکستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے ای بی ایم کی بطور بانی پارٹنر اسکول آف لیڈرشپ کے ساتھ دہائیوں پر مشتمل وابستگی کی عکاسی کرتی ہے۔ ینگ لیڈرز کانفرنس کا 22 واں ایڈیشن ای بی ایم کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اس کانفرنس میں 100 "لیڈرز آف چینج" کی کہانیاں پیش کی گئیں، جن میں سابق شرکاء کی کامیاب جدوجہد کا احوال بیان کیا گیا۔ اس دلچسپ شوریل میں گزشتہ کانفرنسوں میں شرکت کرنے والوں کی متحد کہانیوں، ان کے متاثر کن سفر اور ان کے نتائج پر روشنی ڈالی گئی، جو ایونٹ کے مثبت انعقاد کی توثیق ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب پاکستانی نوجوان اپنے مستقبل کے حوالے سے ابہام کا شکار ہیں۔

انگلش بسکٹ مینوفیکچررز کی جانب سے باصلاحیت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے 22 ویں ینگ لیڈرز کانفرنس میں 100 متاثر کن "لیڈرز آف چینج" کی کہانیاں پیش کی گئیں

ابھی اور پاکستان کیبلز کی شراکت داری

کراچی (کامرس ڈیسک) ابھی نے ڈیجیٹل مالیاتی خدمات کی فراہمی کے ذریعے ملازمین کو بااختیار بنانے والی کمپنی معروف کیبل مینوفیکچرر پاکستان کیبلز لمیٹڈ کے ساتھ شراکت داری قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس شراکت داری کا مقصد پاکستان کیبلز کے ملازمین کو AbhiSalary (تنخواہ تک کسی بھی وقت رسائی) کی سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ ملازمین کی مالی ضرورتوں کو بروقت پورا کرنے میں مدد فراہم کی جا سکے۔

ان ڈرائیو کا ملک کے مزید پانچ شہروں میں سروس کا آغاز

16 سے زائد شہروں میں نقل و حمل کی خدمات فراہم کرنے والی پہلی کمپنی بن گئی

کراچی (کامرس رپورٹر) نقل و حمل کے شعبے سے تعلق رکھنے والی ملک کی صف اول رائیڈ ہیلنگ کمپنی inDrive نے اپنی خدمات کے دائرہ کار کو لاڑکانہ، کاموکے، شیخوپورہ، حافظ آباد اور اوکاڑہ سمیت مزید پانچ شہروں تک بڑھانے کا اعلان کر دیا ہے جس کے بعد کمپنی مجموعی طور ملک کے 16 سے زائد شہروں میں نقل و حمل کی خدمات فراہم کرنے والی پہلی کمپنی بن گئی ہے۔ کمپنی اعلامیے کے مطابق یہ اسٹریٹجک توسیع پورے ملک میں صارفین کو بغیر کسی رکاوٹ کے آسان اور قابل اعتماد نقل و حمل فراہم کرنے کے inDrive کے عزم کا ثبوت ہے۔ ان شہروں میں inDrive کی خدمات کا آغاز ایک اہم سنگ میل ہے جو جدید سفر اور بجٹ کے موافق نقل و حمل کیلئے بہترین انتخاب کے طور پر کمپنی کی پوزیشن کو مزید مستحکم کرے گا۔ اس موقع پر inDrive کے کنٹری بزنس ریپریزنٹیٹو حسن قریشی نے کہا کہ "ہم لاڑکانہ، کاموکے، شیخوپورہ، حافظ آباد اور اوکاڑہ کے رہائشیوں تک inDrive کی خدمات اور استحکام کو بڑھانے کیلئے پرجوش ہیں۔ ہمارا مشن ہر ایک کو محفوظ، سستی اور قابل رسائی سواری فراہم کر کے نقل و حمل کے شعبے میں جدت فراہم کرنا ہے۔ اس توسیع کے ساتھ ہم نہ صرف سفر کے تجربے کو بڑھا رہے ہیں بلکہ ان کمیونٹیز کی اقتصادی ترقی اور ان کو بااختیار بنانے میں بھی اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔" سعدہ کرن نے کہا کہ ہماری ایپ سروس شہر کے رہائشیوں کو ان کے گھروں سے ٹرانسپورٹ تک رسائی کی سہولت

کرنسی مارکیٹ ریٹس

غیر ملکی کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت	غیر ملکی کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر انٹر بینک	289.80	290.00	امریکی ڈالر اوپن مارکیٹ	288.00	291.00
سعودی ریال	76.80	77.50	اماراتی درہم	81.00	81.80
یورو	309.00	312.00	برطانوی پاؤنڈ	360.50	364.00
جاپانی ین	1.88	1.93	آسٹریلین ڈالر	184.00	189.00
کینیڈین ڈالر	213.00	218.00	چینی یوآن	39.00	43.00